روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

قائمقام ایڈیٹر : فخرالحق شمس

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 19 جولائی 2010ء 6 شعبان 1431 ہجری 19 وفا 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 151

سورج اور چاند اکٹھے کئے جائیں گے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وہ پوچھتا ہے قیامت کا دن کب ہوگا تو (جواب دے کہ) جب نظر چندھیا جائے گی اور چاند گہنا جائے گا اور سورج اور چاند اکٹھے کئے جائیں گے۔

(سورۃ القیامہ آیات 7تا10)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مومن کسی صورت میں طاعون کا مستحق نہیں ہوسکتا بلکہ یہ کافر اور فاسق کے لئے مخصوص ہے۔ اِسی وجہ سے جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے خدا کا کوئی نبی طاعون سے فوت نہیں ہوا ہاں ایسے مومن جو گناہ سے خالی نہیں ہوتے کبھی وہ بھی اس بیماری میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہیں اور اُن کی یہ موت اُن کے گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے اور اُن کے لئے یہ ایک قسم کی شہادت ہے لیکن کسی نے کبھی نہیں سنا ہوگا کہ موسیٰ ہو کر پھر اُس کو طاعون ہو گئی ہو اور ایسا شخص بڑا خبیث اور پلید اور بدذات ہوگا جس کا یہ اعتقاد ہو کہ کوئی نبی یا خلیفۃ اللہ طاعون سے مرا ہے۔ پس اگر یہ ایسی شہادت ہوتی جو قابل تعریف ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں تو پہلے حق دار اُس کے انبیاء اور رسول ہوتے لیکن جیسا کہ ہم نے ابھی بیان کیا ہے جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ کبھی کوئی نبی یا رسول اور اوّل درجہ کا کوئی برگزیدہ جو خدا تعالیٰ سے مکالمہ مخاطبہ کا شرف رکھتا تھا اس خبیث مرض میں مبتلا ہو کر مر گیا ہو۔ بلکہ اول حق دار اس مرض کے ابتدا سے وہی لوگ رہے ہیں جو طرح طرح کے معاصی اور فجور میں مبتلا تھے یا کافر اور بے ایمان تھے اور عقل ہرگز تجویز نہیں کر سکتی کہ وہ مرض جو قدیم سے خدا نے کفّار کے سزا دینے کے لئے تجویز کر رکھی ہے اُس میں خدا کے نبی اور رسول اور مُلہم بھی شریک ہو جائیں۔ توریت اور انجیل اور قرآن تینوں مُتّفق اللّسان بیان فرما رہے ہیں کہ ہمیشہ طاعون کفار کو سزا دینے کے لئے نازل ہوتی رہی ہے اور خدا نے قدیم سے لاکھوں کفّار اور فاسق اور فاجر اسی طاعون کے ذریعہ نیست و نابود کئے جیسا کہ خدا کی کتابوں اور تاریخ سے ظاہر ہے اور خدا اِس سے برتر اور اعلیٰ ہے کہ اپنے مقدس لوگوں کو اس عذاب میں کفار کے ساتھ شریک کرے اور جو بلا کفار کے عذاب کے لئے قدیم سے مقرر ہے اور جس کے ذریعہ سے ہمیشہ نبیوں کے عہد میں ہزاروں فاسق فاجر مرتے رہے ہیں وہی بلا اپنے برگزیدہ نبیوں پر مسلّط کر دے۔ پس جس طرح خدا کا وہ عذاب جو قوم لوط پر آیا تھا کسی نبی کی موت اس کے ذریعہ سے ہرگز نہیں ہوئی۔ بلکہ ہر ایک عذاب جو قوموں کی ہلاکت کے لئے وارد ہو چکا ہے کوئی نبی اس عذاب سے نہیں مرا ایسا ہی طاعون جو کفار کے لئے ایک مخصوص عذاب ہے کسی برگزیدہ پر وارد نہیں ہوسکتی۔ اور اگر کوئی اس کے برخلاف دعویٰ کرے اور یہ کہے کہ کوئی نبی گذشتہ نبیوں میں سے طاعون سے بھی ہلاک ہوا تھا تو یہ اُس کا اختیار ہے۔ کسی بے باک یا گستاخ کی ہم زبان تو بند نہیں کر سکتے۔ مگر کتاب اللہ سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ طاعون رِجْز ہے ہمیشہ کافروں پر نازل ہوتی ہے۔ ہاں جیسا کہ جہنم خاص کافروں کے لئے مخصوص ہے تاہم بعض گنہ گار مومن جو جہنم میں ڈالے جائیں گے وہ محض تمحیص اور تطہیر اور پاک کرنے کے لئے دوزخ میں ڈالے جائیں گے مگر خدا کے وعدہ کے موافق جو اُولٰٓئِکَ عَنۡھَا مُبۡعَدُوۡنَ ہے برگزیدہ لوگ اس دوزخ سے دور رکھے جائیں گے۔ اِسی طرح طاعون بھی ایک جہنم ہے کافر اس میں عذاب دینے کے لئے ڈالے جاتے ہیں۔ اور ایسے مومن جن کو معصوم نہیں کہہ سکتے اور معاصی سے پاک نہیں ہیں اُن کے لئے یہ طاعون پاک کرنے کا ذریعہ ہے جس کو خدا نے جہنم کے نام سے پکارا ہے۔ سو طاعون ادنیٰ مومنوں کے لئے تجویز ہوسکتی ہے جو پاک ہونے کے محتاج ہیں۔ مگر وہ لوگ جو خدا کے قُرب اور محبت میں بلند مقامات پر ہیں وہ ہرگز اس جہنم میں داخل نہیں ہوسکتے۔ پھر تعجب کہ وہ شخص کہ جو اپنا الہام یہ پیش کرتا ہے کہ بعد از خدا بزرگ تو ئی قصہ مختصر جس الہام کا منشی عبدالحق بھی گواہ ہے اور کئی اور لوگ گواہ ہیں پھر کیونکر ہوسکتا ہے کہ ایسا شخص جو خدا کے بعد وہی بزرگ ہے اور وہی اس زمانہ کا موسیٰ ہے وہ خدا کے قہری عذاب سے جو طاعون ہے ہلاک ہو جائے۔ کیا کوئی عقلمند اس بات کو قبول کر سکتا ہے؟

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد22ص543)

بیہودہ پروگراموں سے بچیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

’’حضرت مسیح موعود نے ایک احمدی سے توقع رکھی ہے کہ ہر قسم کے جھوٹ، زنا، بدنظری، لڑائی جھگڑا، ظلم، خیانت، فساد، بغاوت سے ہر صورت میں بچنا ہے۔ ہر وقت اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ میں ان برائیوں سے بچ رہا ہوں؟...... یہ برائیاں آج کل میڈیا کی وجہ سے عام ہوگئی ہیں۔ گھروں میں ٹیلی ویژن کے ذریعہ یا انٹرنیٹ کے ذریعہ سے ایسی ایسی بیہودہ اور لچر فلمیں اور پروگرام وغیرہ دکھائے جاتے ہیں جو انسان کو برائیوں میں دھکیل دیتے ہیں۔ خاص طور پر نوجوان لڑکے لڑکیاں بعض احمدی گھرانوں میں بھی اس برائی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ پہلے تو روشن خیالی کے نام پر ان فلموں کو دیکھا جاتا ہے۔ پھر بعض بدقسمت گھر عملاً ان برائیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ تو یہ جو زنا جو ہے یہ دماغ کا اور آنکھ کا زنا بھی ہوتا ہے اور پھر یہی زنا بڑھتے بڑھتے حقیقی برائیوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔ ماں باپ شروع میں احتیاط نہیں کرتے اور جب پانی سر سے اونچا ہو جاتا ہے تو پھر افسوس کرتے اور روتے ہیں کہ ہماری نسل بگڑ گئی، ہماری اولادیں برباد ہوگئی ہیں۔ اس لئے چاہئے کہ پہلے نظر رکھیں۔ بیہودہ پروگراموں کے دوران بچوں کو ٹی وی کے سامنے نہ بیٹھنے دیں اور انٹرنیٹ پر بھی نظر رکھیں۔‘‘

(خطبہ جمعہ فرمودہ 23/اپریل 2010ء۔ الفضل 8 جون 2010ء)

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2010ء)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

مکرم سید شمشاد احمد ناصر صاحب

جماعت احمدیہ کا قیام اور تقویٰ کا حصول

حضرت مسیح موعود نے 4/مارچ 1889ء کو جو اشتہار شائع فرمایا اس میں آپ فرماتے ہیں:۔

''آپ سب صاحبوں پر جو اِس عاجز سے خالصاً لطلب اللہ بیعت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں''......حاشیہ میں اس بارے میں بیان فرماتے ہیں:''بیعت کرنے کے لئے حاضر ہو جائے جس مدعا کے لیئے بیعت ہے یعنی حقیقی تقویٰ اختیار کرنا اور سچا......بننے کی کوشش کرنا''۔

(مجموعہ اشتہارات۔جلد اول۔صفحہ 193)

اس اشتہار میں آپ مزید فرماتے ہیں:''یہ سلسلہ بیعت محض بمراد فراہمی طائفہ متقین یعنی تقویٰ شعار لوگوں کی جماعت کے جمع کرنے کے لئے ہے تا ایسے متقیوں کا ایک بھاری گروہ دنیا پر اپنا نیک اثر ڈالے اور اُن کا اتفاق......کے لئے برکت وعظمت ونتائج خیر کا موجب ہو اور وہ بہ برکت کلمہ واحدہ پر متفق ہونے کے......کی پاک ومقدس خدمات میں جلد کام آسکیں اور ایک کاہل اور بخیل بے مصرف ...... نہ ہوں۔ ......کیونکہ خدا تعالیٰ نے اِس گروہ کو اپنا جلال ظاہر کرنے کے لئے اور اپنی قدرت دکھانے کے لئے پیدا کرنا اور پھر ترقی دینا چاہا ہے تا دنیا میں محبت الٰہی اور توبہ نصوح اور پاکیزگی اور حقیقی نیکی اور امن اور صلاحیت اور بنی نوع کی ہمدردی کو پھیلاوے سو یہ گروہ اُس کا ایک خالص گروہ ہوگا اور وہ انہیں اپنی روح سے قوت دے گا اور انہیں گندی زیست سے صاف کرے گا اور ان کی زندگی میں ایک پاک تبدیلی بخشے گا''

(مجموعہ اشتہارات۔جلد اول۔صفحہ 197-198)

یہ وہ مقاصد ہیں، جن کے لئے جماعت احمدیہ کا قیام عمل میں آیا۔ یہ وہ اعمال صالحہ ہیں جو جماعت کے ہر فرد نے بجالانے ہیں۔ یہ وہ ذرائع ہیں جن سے ہم سب نے خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا ہے۔ یہ وہ راہیں ہیں جن پر چل کر ہم نے اپنے حقیقی مقصد کو پانا ہے۔ یعنی تقویٰ اللہ۔

اسی اشتہار میں حضرت مسیح موعود نے ایک جگہ یہ ارشاد فرمایا ہے کہ تم اُن لوگوں کی طرح نہ بنو جنہیں دین کی کچھ بھی خبر نہیں، اور نہ دینی ضرورتوں کا کچھ فکر ہے۔ غافل درویش نہ بنو کہ جن میں بنی نوع کی کچھ بھلائی نہ ہو۔

''......بلکہ وہ ایسی قوم کے ہمدرد ہوں کہ غریبوں کی پناہ ہو جائیں یتیموں کے لئے بطور باپوں کے بن جائیں اور ...... کاموں کے انجام دینے کے لئے عاشقِ زار کی طرح فدا ہونے کو تیار ہوں اور تمام تر کوشش اس بات کے لئے کریں کہ ان کی عام برکات دنیا میں پھیلیں اور محبت الٰہی اور ہمدردیٔ بندگان خدا کا پاک چشمہ ہر یک دل سے نکل کر اور ایک جگہ اکٹھا ہو کر ایک دریا کی صورت میں بہتا ہوا نظر آوے۔۔۔۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ 197)

خدا کے پاک مامور نے جو توقعات ہم سے کی ہیں اُن کا بڑا کھلا کھلا ذکر آپ نے فرما دیا ہے اور یہ وہ ہیں جو جماعت کے قیام کے مقاصد میں سے ہیں۔ اور اوّل دن سے ہی آپ نے اسی کام کے لئے جماعت کو تیار کیا۔ چنانچہ جب آپ نے رسالہ الوصیت لکھا، جس میں جماعت کے احباب کو وصیت فرمائی اس میں آپ دوستوں کو یہ نصیحت فرماتے ہیں:

''سو راستباز بنو۔ تقویٰ اختیار کرو تا بچ جاؤ، آج خدا سے ڈرو تا اُس دن کے ڈر سے امن میں رہو۔ ضرور ہے کہ آسماں کچھ دکھلاوے اور زمین کچھ ظاہر کرے لیکن خدا سے ڈرنے والے بچائے جائیں گے''

(رسالہ الوصیت۔روحانی خزائن۔جلد 20 صفحہ 303)

رسالہ الوصیت میں ہی حضور فرماتے ہیں:۔

''اور چاہئے کہ تم بھی ہمدردی اور اپنے نفسوں کو پاک کرنے سے روح القدس سے حصہ لو کہ بجز روح القدس کے حقیقی تقویٰ حاصل نہیں ہوسکتا۔ اور نفسانی جذبات کو بکلی چھوڑ کر خدا کی رضا کے لیئے وہ راہ اختیار کرو جو اس سے زیادہ کوئی راہ تنگ نہ ہو۔ دنیا کی لذتوں پر فریفتہ مت ہو کہ وہ خدا سے جدا کرتی ہیں اور خدا کے لئے تلخی کی زندگی اختیار کرو۔ وہ درد جس سے خدا راضی ہو اُس فتح سے بہتر ہے جو موجب غضب الٰہی ہو۔ اُس محبت کو چھوڑ دو جو خدا کے غضب کے قریب کرے۔ اگر تم صاف دل ہو کر اس کی طرف آجاؤ تو ہر ایک راہ میں وہ تمہاری مدد کرے گا اور کوئی دشمن تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ خدا کی رضا کو تم کسی طرح پا ہی نہیں سکتے جب تک تم اپنی رضا کو چھوڑ کر، اپنی لذت چھوڑ کر، اپنی عزت چھوڑ کر، اپنا مال چھوڑ کر، اپنی جان چھوڑ کر اس کی راہ میں وہ تلخی نہ اٹھاؤ جو موت کا نظارہ تمہارے سامنے پیش کرتی ہے۔''

(رسالہ الوصیت۔روحانی خزائن۔جلد 20 صفحہ 307)

پس آپ کا پہلا اشتہار۔ جس کی عبارت لکھی جا چکی ہے اور آپ کی وصیت جو آپ نے اپنی جماعت کو کی ہے۔ کا مضمون شاہد ہے۔ یعنی شروع دن ہی سے آخر تک آپ کی یہ خواہش رہی، یہ کوشش رہی اور یہ نصیحت رہی کہ میری جماعت کے لوگ خدا خوفی، خدا ترسی، تقویٰ وطہارت اور بنی نوع انسان کے ہمدرد بنیں اس کے لئے خواہ انہیں کسی قسم کی قربانی بھی کیوں نہ دینی پڑے اور یہی مقاصد وصیت کے ہیں۔

حضرت مسیح موعود نے تقویٰ کی ان بنیادوں پر جو جماعت قائم کی ہے اس وقت اس کے افراد دنیا کے کم وبیش تمام ممالک میں کروڑوں کی تعداد میں موجود ہیں اور اُن میں خدا کے فضل سے یہ خوبیاں دوسروں کے مقابل پر بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں۔ قادیان کی گمنام سی بستی سے لے کر، ہندوستاں میں، پاکستان میں، افریقہ کے ممالک میں، شرق اوسط میں، آسٹریلیا، چین، جاپان، رشیا اور یورپ کے ممالک کے علاوہ امریکہ میں خدا تعالیٰ کے فضل سے اِن خوبیوں سے متصف جماعت کے ممبر ہیں۔ جو تقویٰ کی راہوں پر گامزن رہتے ہوئے خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہر قسم کی قربانیاں کرتے ہیں۔

جماعت کو نصیحت

25 دسمبر 1897ء کو حضرت مسیح موعود نے تقویٰ کے متعلق جلسہ سالانہ میں تقریر فرمائی۔ آپ نے فرمایا:

''اپنی جماعت کی خیر خواہی کے لئے زیادہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ تقویٰ کی بابت نصیحت کی جاوے کیونکہ یہ بات عقلمند کے نزدیک ظاہر ہے کہ بجز تقویٰ کے اور کسی بات سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں ہوتا۔

متقی کی علامات

پھر فرمایا:

''پس ہمیشہ دیکھنا چاہئے کہ ہم نے تقویٰ وطہارت میں کہاں تک ترقی کی ہے۔ اس کا معیار قرآن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے متقی کے نشانوں میں ایک یہ بھی نشان رکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو مکروہات دنیا سے آزاد کر کے اُس کے کاموں کا خود متکفل ہو جاتا ہے۔ جیسے کہ فرمایا (-) (الطلاق:3)

جو شخص خدا تعالیٰ سے ڈرتا ہے، اللہ تعالیٰ ہر ایک مصیبت میں اس کے لئے راستہ مخلصی کا نکال دیتا ہے اور اس کے لئے ایسے روزی کے سامان کر دیتا ہے کہ اس کے علم وگمان میں نہ ہوں۔ یعنی یہ بھی ایک علامت متقی کی ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو نابکار ضرورتوں کا محتاج نہیں کرتا''۔

تقویٰ کا قلعہ

حضور فرماتے ہیں:۔

''لوگ بہت سے مصائب میں گرفتار ہوتے ہیں لیکن متقی بچائے جاتے ہیں بلکہ ان کے پاس جو آجاتا ہے وہ بھی بچایا جاتا ہے۔ مصائب کی کوئی حد نہیں۔ انسان کا اپنا اندر اس قدر مصائب سے بھرا ہوا ہے کہ اس کا کوئی اندازہ نہیں۔ امراض کو ہی دیکھ لیا جاوے کہ ہزارہا مصائب کے پیدا کرنے کو کافی ہیں لیکن جو تقویٰ کے قلعہ میں ہوتا ہے وہ ان سے محفوظ ہے اور جو اس کے باہر ہے وہ ایک جنگل میں ہے جو درندہ جانوروں سے بھرا ہوا ہے''۔

حضور انور ایدہ اللہ کی نصائح

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 9/اپریل 2004ء کو بیت التوحید کوتونو، بینن، مغربی افریقہ میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس میں احباب جماعت کو تقویٰ اختیار کرنے، عبادات بجالانے اور قرآن کریم پڑھنے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے حضرت مسیح موعود کا یہ ارشاد سنایا:

''یاد رکھو! نری بیعت سے کچھ نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ اُس رسم سے راضی نہیں ہوتا جب تک کہ حقیقی بیعت کے مفہوم کو ادا نہ کرے۔ (اگر بیعت کے مفہوم کو ادا نہیں کرتے) اس وقت تک یہ بیعت، بیعت نہیں، نری رسم ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ بیعت کے حقیقی منشاء کو پورا کرنے کی کوشش کرو یعنی تقویٰ اختیار کرو۔''

حضور نے جماعت کے احباب کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:''آپ پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے کہ اُس نے آپ کو مسیح اور مہدی کی جماعت میں شامل ہونے کی توفیق دی اس لئے آپ کا فرض بنتا ہے کہ اِس احسان کا جتنا بھی شکر ادا کر سکتے ہیں، کریں اور شکر ادا کرنے کا بہترین طریق یہ ہے کہ اپنے اندر احمدیت قبول کرنے کے بعد نمایاں تبدیلیاں پیدا کریں۔ اپنے عمل، کردار، بات چیت، اور چال ڈھال سے یہ ثابت کریں اور دنیا کو بتائیں کہ ہم ہی ہیں جو (دین) کا صحیح اور حقیقی نمونہ ہیں''۔

(الفضل انٹرنیشنل۔23/اپریل 2004ء)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ بیلجیم 12 ستمبر 2004ء کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سورۃ الانفال کی آیت 30 کی روشنی میں بہت سی احادیث بھی پیش کیں۔ جن میں تقویٰ کے مضمون پر روشنی پڑتی ہے۔

ایک حدیث کا ترجمہ پیش فرمایا:

''ایک روایت میں آتا ہے، ابونفرہؓ بیان کرتے ہیں کہ مجھے اُس شخص نے بتایا جس نے آنحضورﷺ کا خطبہ حجۃ الوداع سنا جو آپ نے ایام منیٰ میں دیا تھا۔ آنحضورﷺ نے اپنے خطبہ میں فرمایا: 'اے لوگو! تمہارا خدا ایک ہے، تمہارا باپ ایک ہے، یاد رکھو، کسی عربی کو عجمی پر اور کسی سرخ وسفید رنگ والے کو کسی سیاہ رنگ والے پر، اور کسی سیاہ رنگ والے کو کسی سرخ و سفید رنگ والے پر کسی طرح کی کوئی فضیلت نہیں۔ ہاں تقویٰ وجہ ترجیح اور فضیلت ہے۔ تو جو آخری نصیحت آپ نے فرمائی اس میں بھی تقویٰ کی طرف توجہ دلائی''

''پھر ایک روایت میں آتا ہے کہ رسول اللہﷺ سے پوچھا گیا کہ کون سی چیز سب سے زیادہ جنت میں داخل کرنے والی ہوگی، فرمایا، تقویٰ اور حسن خلق۔ نیز پوچھا گیا کہ کون سی چیز سب سے زیادہ آگ میں داخل کرنے والی ہوگی۔ فرمایا۔ الاجوفانِ۔ یعنی منہ اور شرم گاہ''۔ (ابن ماجہ۔کتاب الزہد)

''اس سے ایک چیز یہ بھی پتہ لگ رہی ہے گویا کہ جتنا زیادہ تقویٰ ہوگا، اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں ہوگا، اتنا ہی بندوں سے حسن سلوک سے پیش آنے کی طرف توجہ پیدا ہوگی''۔

''اس سے یہ بات بھی ثابت ہو گئیکہ متقی وہی ہے جو اعلیٰ اخلاق کا مالک ہے۔''

(الفضل انٹرنیشنل۔18 فروری 2005ء)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو تقویٰ کی راہوں پر چلنے کی توفیق دے اور تقویٰ کی برکات کے حصول میں ہمارا معاون ہو۔ آمین۔

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم محمد طارق محمود صاحب

سیدنا حضرت مسیح موعود کے جلیل القدر اور جاں نثار رفیق

حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی

شہرت اور ناموری کی آرزو تو بے شمار انسانوں کے دلوں میں مچلتی ہے۔ لیکن یہ کوئی بھی نہیں جانتا کہ خوش بختی کا تاج کب کس کے سر کی زینت بن جائے۔ یہ سعادت اور عظمت اسی کا مقدر بنتی ہے۔ جس پر خالق تقدیر مہربان ہو جائے۔ حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کا شمار ان سعید بخت روحوں میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی حیات مستعار ہی میں غیر معمولی شہرت اور ہر دلعزیزی کو اپنی بلائیں لیتے دیکھا۔ ان کا ذکر قلب و جان کو روحانی فرحت اور ایمان کو تازگی عطا کرتا ہے۔ جسے افق تا افق بسنے والے احمدی ایک فدائی جاں نثار اور عاشق امام الزمان کے طور پر ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ جسے والدین نے کریم بخش کا نام دیا۔ لیکن بعد ازاں اس ننھے اور غیور مجاہد کو خدا کے پیارے مسیح نے عبدالکریم کے نام سے عزت بخشی۔ صافی ان کا لقب تھا۔ چونکہ ان کا تعلق سیالکوٹ محلّہ کشمیریاں سے تھا۔ اس لئے مولوی عبدالکریم سیالکوٹی کے نام سے مشہور ہوگئے۔

ان کی عظمت اور شہرت کی وجہ سیالکوٹی ہونا نہیں بلکہ اس نابغہ عصر گوہر ہائے آبدار علم و فضل کے پیکر اور نامور خطیب اور ادیب کے شہرت امام الزمان کو پہچاننے اور ان پر ایمان لانے سے ہے۔ انہوں نے اپنے زور خطابت، قلم کی جولانیوں اور اخلاق فاضلہ سے وہ کرشمے دکھائے جن سے دشمن پر بھی ہیبت اور رعب طاری ہو جاتا تھا۔

چاہتے سب ہیں کہ ہوں اوج ثریا پہ مقیم
پہلے پیدا تو کرے ویسا کوئی قلب سلیم

بیان کیا جاتا ہے کہ حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی بیعت سے قبل ایک لمبا عرصہ تک نیچریوں کے خیالات رکھتے تھے اور سرسید احمد خان کے معتقدین میں سے تھے۔ چنانچہ خود آپ نے اس بات کا تذکرہ فرمایا اور بتلایا کہ اس وقت بھی میری نیت نیک اور رضائے حق مطلوب تھی۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں۔

''میں نے تیئس برس تک سید صاحب کی تصانیف کو پڑھا اور شوق سے پڑھا اور خدا تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ سید صاحب کے ہم آواز ہونے کے ایام میں منافق یا مقلد نہ تھا۔ میرے احباب خوب جانتے ہیں کہ اخلاص و سرگرمی سے ان خیالات کی تائید کرتا اور عالم السر والعلن گواہ ہے کہ اس وقت بھی نیک اور رضائے حق مطلوب تھی؟

(الحکم 10/اکتوبر 1906ء ص 7 کالم نمبر 2)

حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی پھر سیدنا حضرت مسیح موعود کے ساتھ پیدا ہونے والے تعلق کے بعد تبدیلی کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

میں نے بہت غور کی ہے اور میری عمر کا بہت بڑا حصہ اسی غور و فکر میں گزرا ہے اور اللہ تعالیٰ اس بات کا گواہ ہے کہ مجھے ہوش کے زمانہ سے یہی شوق دامنگیر رہا کہ خدا تعالیٰ کی رضا کی راہیں حاصل کروں اور میری بڑی خواہش اور سب سے بڑی آرزو یہی رہی ہے کہ کس طرح اپنے مولیٰ کریم کو راضی کروں۔ حضرت مولانا نورالدین صاحب (خدا تعالیٰ ان پر اپنا بے حد فضل کرے) سے مجھے اللہ تعالیٰ نے ملا دیا اور اس طرح مجھے دین کی طرف اور قرآن کریم سے معارف اور حقائق کی طرف توجہ ہوئی مگر با ایں ہمہ بعض اخلاق ردیہ کی اصلاح نہ ہوئی اور طبیعت معاصی کی طرف اس طرح جاتی جیسے کہ ایک سرکش جانور بے اختیار دوڑتا ہے اور قابو سے نکل جاتا ہے اور میری روح میں وہ سیری اور لذت نہ ہوئی جس کا کہ میں جویاں تھا۔ اس میں شک نہیں کہ قرآن کریم کے حقائق و معارف میں نے حضرت مولانا صاحب کے منہ سے سنے اور بہت فیض اٹھایا............ لیکن میں نہیں جانتا کہ وہ کیا بات تھی جس سے روح میں ایک بیقراری اور اضطراب محسوس ہوتا ہے اور سکون اور جمعیت خاطر جس کے لئے صوفی تڑپتے ہیں میسر نہ آتی تھی۔

ابھی میں سترہ اٹھارہ برس کی عمر کا سادہ لڑکا تھا۔ کہ سید صاحب کے خیالات پڑھنے کا مجھے موقع ملا یعنی تہذیب الاخلاق جو سید صاحب کے خیالات اور معتقدات کا آئینہ تھا اسے شروع اشاعت سے پڑھنے لگا اور تیس برس کی عمر تک اس میں متوغل رہا۔ سید صاحب کے قلم سے کوئی ایسا لفظ نہیں نکلا الا ماشاء اللہ جو میں نے نہ پڑھا ہو۔ ان کی تفسیر کو بڑے شوق سے پڑھتا برابر بیس بائیس کا زمانہ تھوڑا نہیں ایک بڑی مدت ہے۔ اس عرصہ میں بھی میری روح کو طمانیت اور سکینت حاصل نہ ہوئی اور وہ اضطراب اور بیقراری دامنگیر رہتی بلکہ بعض بعض اوقات میں اپنی تنہائی کی گھڑیوں میں ہلاک کرنے والی بے چینی محسوس کرتا اور میں آخر اس نتیجہ پر پہنچا کہ ہنوز اگر خدا تعالیٰ خوش ہو گیا ہوتا اور واقعی خدا تعالیٰ سے سچا تعلق پیدا ہو گیا ہوتا تو ضرور تھا کہ سکینت اور طمانیت کا سرد پانی میرے ابلتے ہوئے کلیجہ کو ٹھنڈا کرتا۔ اس خیال سے تردد، تذبذب اور پریشانی اور بھی بڑھتی گئی............

اور اب میں خدا تعالیٰ کو گواہ رکھ کر کہتا ہوں کہ محض امام الزماں کی صحبت کے طفیل سے ان خیالات سے مجھے اس سے کہیں زیادہ نفرت اور بیزاری ہے جیسے مردار کھانے اور میں پھر کہتا ہوں کہ یہ شہادت اپنی تبدیلی کی محض اس لئے پیش کی ہے کہ تا کہ کسی سوچنے والے دل اور غور کرنے والی طبیعت کو ہدایت اور نور کی طرف رہبری کر سکے............

میرے دوستو! ایک ہی انسان ہے جس کی صحبت میں آج گناہ سے نفرت خدا سے الفت رسول سے الفت پیدا ہو سکتی ہے اور اس کو اس لئے بیان کیا ہے تا کہ میرے دوستوں اور بھائیوں کو فائدہ اور دوسروں کو سبق ملے۔ (الحکم قادیان 31/اکتوبر 1899ء)

چونکہ حضرت مولوی صاحب کی نیت نیک اور صاف تھی اور خدا تعالیٰ ایسے لوگوں کو جو تقویٰ شعار ہوں اور راہ حق کے متلاشی ہوں انہیں ضائع نہیں کرتا آخر کار وہ حق کو پا لیتے ہیں۔

بہرحال 1881ء یا 1882ء میں جبکہ آپ بالکل جوان ہی تھے۔ تو حضرت مولوی نورالدین صاحب کے توسط سے آپ نے حضرت اقدس مسیح موعود سے ملاقات کی۔ تو حضور اقدس کی پاک صحبت سے حضرت مولوی صاحب موصوف کے نیچریت کے تمام خیالات حرف غلط کی طرح مٹ گئے۔

اس کے بارے میں حضرت مسیح موعود نے فرمایا

''جب اوائل میں میرے پاس آئے تو سید احمد کے معتقد تھے کبھی کبھی ایسے مسائل پر میری ان کی گفتگو ہوتی جو سید احمد کے غلط عقائد میں تھے اور بعض دفعہ بحث کے رنگ تک نوبت پہنچ جاتی مگر تھوڑی ہی مدت کے بعد ایک دن اعلانیہ کہا کہ آپ گواہ رہیں آج میں نے سب باتیں چھوڑ دیں''۔

(بدر 12 جنوری 1906ء ص 3 کالم نمبر 1 الحکم 30 نومبر 1905ء ص 2 کالم نمبر 2)

دل میں جس شخص کے کچھ نور صفا ہوتا ہے
حق کی وہ بات پہ سو جان فدا ہوتا ہے

سیدنا حضرت مسیح موعود نے ایسے نابغہ روزگار کو خدا کے نشانوں میں سے ایک نشان قرار دیا ہے۔ حضور فرماتے ہیں۔

''ہزار ہا لوگوں میں بعد بیعت میں نے ایسی تبدیلی پائی ہے کہ جب تک خدا کا ہاتھ کسی کو صاف نہ کرے ہرگز ایسا صاف نہیں ہو سکتا اور میں حلفاً کہہ سکتا ہوں کہ میرے ہزار ہا صادق اور مرید بیعت کے بعد ایسی پاک تبدیلی حاصل کر چکے ہیں کہ ایک ایک فرد ان میں بجائے ایک ایک نشان کے ہے۔''

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 249)

یہی وہ خوش قسمت آسمان روحانیت کے درخشندہ ستارے ہیں جو اپنے عنفوان شباب میں حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہوئے اور نور خداوندی کی تجلیوں کی پہلی ہی کرن نے ان کے دل و دماغ اور روح کو منور کر دیا۔

حضرت مولوی صاحب اپنی دلی اور قلبی کیفیت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''1890ء کے آخر میں مسیح موعود کے دعوے کا اعلان ہوا اور اس سال کے آخر میں مجھے حضور نے لکھا کہ میں ازالہ اوہام تصنیف کر رہا ہوں اور بیمار ہوں کاپیاں پڑھنی پروف دیکھنے، خطوط لکھنے کی تکلیف کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ جس طرح بن پڑے آ جائیں۔ ادھر سے مولوی نورالدین صاحب کا خط آیا کہ حضرت کو بہت تکلیف ہے۔ لدھیانہ جلدی آ جاؤ۔ اس وقت میں مدرسہ میں مدرس تھا وہاں سے رخصت لے کر لدھیانہ پہنچا۔ مگر جب میں تین ماہ تک حضرت اقدس کی صحبت میں رہا اور یہ پہلا موقع اتنی دراز صحبت کا ملا۔ میں نہیں جانتا کہ وہ خیال اور آرزو کدھر گئی۔ اس قسم کے خیالات سے میری روح کو صاف کر دیا گیا اور میرا سینہ دھو دیا گیا اور اندر سے آواز آئی کہ تو دنیا کے کام کا نہیں۔ پس پھر کیا تھا تین ماہ کی رخصت کے پورے ہوتے ہوتے یہ سب خیالات جاتے رہے اور پھر نہ واپس نہ استعفا۔''

(الحکم 31/اکتوبر 1899ء ص 3)

سیدنا حضرت مسیح موعود آپ کے بارے میں فرماتے ہیں۔

''بڑے ہی مخلص اور قابل قدر انسان تھے............'' (روحانی خزائن جلد ہشتم صفحہ 64)

آپ فرماتے ہیں۔

''مولوی صاحب ہر تقریب اور ہر جلسہ پر یاد آ جاتے ہیں۔ ان کے سبب لوگوں کو فائدہ ہوتا تھا۔ وہ بڑی زبردست تقریر کرنے والے تھے۔''

(روحانی خزائن جلد نمبر 8 صفحہ 267)

خدا کے پیارے، مسیح کا پیارا قلمی و علمی مصروفیات میں اپنے اوقات کا صرف کر رہا تھا کہ آپ کو کثرت پیشاب کا شدید عارضہ ہو گیا۔ حضرت مسیح موعود کی دعا سے افاقہ ہوا ہی تھا کہ 12/اگست 1905ء میں آپ کی پشت پر دونوں کندھوں کے درمیان ایک چھوٹی سی پھنسی نمودار ہوئی جو مولوی صاحب کی مرض کی ابتدا تھی۔ جو پہلے معمولی سمجھی گئی مگر بعد میں اس نے یکا یک خطرناک صورت اختیار کر لی ابتداءً اس میں کاربنکل کی علامات پوری پوری نہ پائی جاتی تھیں۔ مگر چند روز بعد وہ پورا کاربنکل بن گیا۔''

(تاریخ احمدیت جلد سوم ص 418)

2 ستمبر 1905ء کو خدا تعالیٰ کی طرف سے حضرت مسیح موعود کو الہام ہوا سینتالیس سال کی عمر انا للہ......۔

(الحکم 5 ستمبر 1905ء ص 3 کالم نمبر 1 تاریخ احمدیت جلد سوم ص 419)

حضرت مولوی صاحب کی عمر بوقت وفات 47 سال تھی۔

آپ 11/اکتوبر 1905ء بدھ کے دن اڑھائی بجے کے قریب عالم جاودانی کو رحلت فرما گئے۔

(ریویو ماہ اکتوبر 1905ء ٹائیٹل پیج)

بجھ گئی وہ شمع جس پر انجمن کو ناز تھا
پھول وہ توڑا گیا جس پر چمن کو ناز تھا

خدا کے پیارے نے اس کے وصال پر ایک درد انگیز مرثیہ لکھا جو آپ کے مزار مبارک کے لوح پر آج تک موجود ہے۔

مت سہل اسے جانو پھرتا ہے فلک برسوں
تب خاک کے پردے سے انسان نکلتے ہیں

مکرم ڈاکٹر شمیم احمد قاضی صاحب صدر مجلس انصاراللہ سوئٹزرلینڈ

جماعت احمدیہ سوئٹزرلینڈ کی پہلی چیرٹی واک

سوئٹزرلینڈ جماعت کی تاریخ میں پہلی بار چیرٹی واک کا انعقاد کیا گیا جو کہ مورخہ 10/اکتوبر 2009ء کو نوشاتل شہر میں ہوئی۔ یہ تقریب مقامی پولیس کی اجازت سے وقوع پذیر ہوئی۔ اس بابت مقامی صحافیوں کو بھی دعوت دی گئی تھی۔ ان میں سے LE Express اخبار کے صحافی Basile Weber نے 5/اکتوبر 2009ء کو زعیم مجلس انصاراللہ مکرم ملک عارف محمود صاحب سے کہا کہ آپ 6/اکتوبر کو اپنے کچھ ساتھیوں کے ہمراہ پروگرام والی جگہ پر آجائیں۔ لہٰذا مورخہ 6/اکتوبر کو جنیوا سے خاکسار، ونٹرتھور سے مکرم رحمت اللہ زاہد صاحب مع فیملی، بازل سے مکرم صباح الدین بٹ صاحب اپنے دو بیٹوں کے ہمراہ نوشاتل سے مکرم امجد اقبال صاحب کی فیملی، مکرم عارف محمود صاحب مع فیملی، لوزان سے مکرم ناصر خان صاحب مع فیملی اور کچھ دیگر دوست پروگرام والی جگہ پر آگئے۔ مذکورہ بالا صحافی نے ملک عارف محمود صاحب اور خاکسار کا مفصل انٹرویو لیا اور اگلے روز اس بابت خبر اور رپورٹ اپنے اخبار میں شائع کی۔ جس میں پاکستان میں جماعت احمدیہ کے حالات پر روشنی ڈالی گئی تھی۔ اس سے نوشاتل کنٹون میں مقامی لوگوں سے جماعت کا تعارف ہوگیا۔ صحافی مذکورہ نے یہ خبر ''واک برائے امن'' کے عنوان سے شائع کی تھی۔

مورخہ 10/اکتوبر 2009ء کو 11:00 بجے واک شروع ہوئی۔ تمام شرکاء وقت سے پہلے پہنچ گئے تھے۔ پولیس کی طرف سے دیئے گئے نقشہ کے مطابق شرکاء کا جلوس تقریباً 30 منٹ پیدل چلنے کے بعد اپنی مقررہ منزل پر پہنچ گیا۔ شرکاء نے انگریزی اور فرنچ زبان میں تحریر شدہ کتبے اٹھائے ہوئے تھے جو کہ جماعت احمدیہ کے اس فقرہ کا ترجمہ تھے کہ ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' کچھ کتبوں پر یہ بھی تحریر تھا کہ یہ چیرٹی واک جماعت احمدیہ کی طرف سے ہے جو کہ ساری دنیا میں امن چاہتی ہے۔ کچھ کتبوں پر جماعت کی انٹرنیٹ کی ویب سائٹ بھی درج تھی۔ واک مین دیگر کئی دوستوں کے علاوہ امیر جماعت احمدیہ سوئٹزرلینڈ محترم طارق ولید تارٹوتسر صاحب نے بھی شرکت کی۔ واک اور دوپہر کے کھانے کے بعد ایک باقاعدہ اجلاس شروع ہوا۔ تلاوت کے بعد ابتداء میں مکرم عارف محمود صاحب نے شرکاء، واک اور مہمان اجلاس کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد شرافت احمد پراچہ صاحب نے فرنچ زبان میں جماعت احمدیہ کا تعارف پیش کیا۔

اس کے بعد محترم طارق ولید تارٹوتسر صاحب امیر جماعت احمدیہ سوئٹزرلینڈ نے اپنے خطاب میں احمدیت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا اور تمام حاضرین کا پروگرام میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا اور معروف فلاحی ادارہ Caritas کے ڈائریکٹر صاحب کو جماعت احمدیہ سوئٹزرلینڈ کی طرف سے 5 ہزار سوئس فرانک کا چیک پیش کیا۔ اس کے بعد Caritas کے ڈائریکٹر صاحب M.Hubert Pekkinio نے اپنی تقریر میں اس تقریب میں شرکت کا موقع دیئے جانے پر امیر صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ علم نہیں تھا کہ آج مجھے 5 ہزار فرانک کا چیک بھی ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ احمدیہ کمیونٹی کے بارے میں تفصیلاً جان کر بہت خوشی ہوئی ہے۔ آپ بہت اچھے لوگ ہیں اور آپ کے ساتھ مل کر ہر سطح پر کام کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں عارف محمود صاحب کو ایک لمبا عرصہ سے جانتا ہوں اور اپنی پارٹیوں میں دعوت دے چکے ہیں۔ لیکن مجھے یہ علم نہ تھا کہ ایک دن مجھے پانچ ہزار سوس فرانک کا چیک بھی ملے گا جو کہ دوسرے چیکوں جیسا نہیں ہے کہ اس کے بعد Caritas کے ڈائریکٹر صاحب نے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کو انٹرویو دیتے ہوئے جماعت احمدیہ کے بارے میں بہت اچھے جذبات کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ محض رقم کی بات نہیں، بلکہ اس وقت ملکی حالات کے تحت جماعت احمدیہ کا یہ کام اور کردار بہت اہم ہے اور احمدیوں کے متعلق خوش کن تاثرات پیدا کرنے اور بین المذاہب تعاون پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ آپ نے اچھے وقت میں یہ چیرٹی واک کی ہے کیونکہ ماہ نومبر 2009ء میں بیت کے میناروں پر پابندی لگانے کے سوئٹزرلینڈ میں ریفرنڈم ہونے والا ہے۔ لہٰذا یہ واک...... کیلئے اچھی ثابت ہو گی۔ مقامی ریڈیو نے ''دو مذہبوں کو قریب لانے کے لئے ایک خوبصورت مثال'' کے عنوان سے تین منٹ دورانئے کی چیرٹی واک اور تقریب کی تفصیلی خبر نصف گھنٹہ کی خبروں میں 2 روز تک نشر کی۔ جبکہ واک کے اگلے روز مقامی اخباروں میں اس تقریب کی بات مفصل اور نہایت مثبت رپورٹس شائع ہوئیں۔ اس روز تقریباً 40 ہزار کی آبادی والے شہر نوشاتل میں جماعت احمدیہ کا پیغام پہنچا۔ چنانچہ چیرٹی واک کے اگلے ہی روز نوشاتل کی حکومت نے فیصلہ کیا کہ ہماری حکومت...... میناروں کی تعمیر پر پابندی لگائے جانے والے ریفرنڈم کے خلاف ہے۔

خوشی اور تعجب کی بات یہ ہے کہ پروگرام کے اگلے روز کچھ غیر احمدی پاکستانیوں نے مکرم ملک عارف محمود صاحب کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس پروگرام سے آپ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ گویا بالواسطہ طور پر یہ تسلیم کیا کہ احمدی دوسرے...... کی نسبت بہتر اور فعال ...... ہیں۔ چیرٹی واک میں سوئٹزرلینڈ، پاکستان، صومالیہ، تنزانیہ، کوسوو اور شام سے تعلق رکھنے والے تقریباً 140 احباب خواتین اور بچوں نے حصہ لیا۔

سب سے شکر والی بات یہ ہوئی کہ 10/اکتوبر کے لئے Forecast گھنے بادلوں اور بارش کی تھی اور رات سے پورے سوئٹزرلینڈ میں بارش ہو رہی تھی۔ جب ہم جنیوا سے نوشاتل کی جانب روانہ ہوئے تب بھی شدید بارش ہو رہی تھی۔ یہی حال باقی تمام جگہوں سے آنے والوں کا بھی تھا۔ صبح تہجد کے وقت خاکسار نے خوب دعا کی اور ارادہ کیا کہ نماز فجر کے بعد حضور کی خدمت میں دعا کے لئے فیکس کروں گا۔ لیکن نوشاتل جانے کی تیاری میں خاکسار کو یاد نہیں رہا۔ خاکسار نے اپنے ساتھی سے نوشاتل فون کروایا کہ وہاں کے زعیم حلقہ اگر ہو سکے تو حضور کو فیکس کر دیں لیکن یہ کوشش بھی بارآور ثابت نہ ہوسکی۔ لیکن جب ہم نوشاتل پہنچے تو بارش رک چکی تھی۔ تمام پروگرام اور واک کے دوران بارش نہ ہوئی۔ مگر جب لوگ واپس روانہ ہوئے تو راستے میں پھر ان کو بارش ملی۔ محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تمام پروگرام بخوبی سرانجام دیا گیا۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ سب کارکنان اور شرکت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے نوازے اور برکتیں نازل کرے۔ آمین

چاند کا جلوہ

چاند کی روشن کرنوں میں جب اس کا چاند سا مکھڑا ہوگا
جانے وہ دیسوں کا راجا، کیسے دیس میں رہتا ہوگا

''پی'' کی جوت جگا کر من میں، میں جب سویا سب کچھ کھویا
دل کیوں ایسے زور سے دھڑکا، کچھ تو دل میں کھٹکا ہوگا

اس کی یاد بسا کر دل میں، سوچ بھنور میں گرتا جاؤں
پھر یہ سوچ کے بھی گھبراؤں، کتنی دور کا رستہ ہوگا

ان کا درشن پاتے ہوں گے دیوانے، فرزانے بھی
جو ان قدموں میں ہوگا، کیسی قسمت والا ہوگا

دیس کی اندھیاری راتوں میں آس کے دیپک جلتے رہیں
کبھی تو ان کی دید ملے گی، کبھی تو اپنا جلسہ ہوگا

کبھی تو چین ملے گا صابرؔ کبھی تو ارماں پورے ہوں گے
کبھی تو اپنے ربوہ میں بھی، اپنے ''چاند'' کا جلوہ ہوگا

ملک منیر احمد ریحان صابرؔ

ابن کریم

ایک ننھا جاں نثار واقف نو

عزیزم ولید احمد ابن چوہدری منور احمد صاحب

اس کے دادا اور نانا نے بھی راہ مولیٰ میں قربانی پیش کی

تاریخ کے اوراق کھلے پڑے ہیں کہ الٰہی منصوبوں کے مقابل فساد مچانے والے کشت و خون سے بھی باز نہیں آتے۔ یہ ہولناکی اور بھی زیادہ خوفناک دکھائی دیتی ہے جب یہ سب کچھ امن کے نام پر ہو، مذہب کے نام پر یہ خون بہایا جا رہا ہو۔ حضرت اقدس مسیح موعود نے آغاز میں ہی فرمایا کہ جن کے پاؤں نازک ہیں وہ ابھی سے جدا ہو جائیں کیونکہ ابھی بڑی بڑی خوفناک وادیاں درپیش ہیں اور پھر فرمایا دکھوں کے جنگل میں مجھے طاقت دی گئی ہے۔ میری روح ہلاک ہونے والی نہیں ہے۔

اور فرمایا

من نہ آنستم کہ روز جنگ بینی پشت من
آں منم کاں درمیان خاک و خوں بینی سرے

مندرجہ بالا سطروں میں خاکسار نے حضرت مسیح موعود کی بعض تحریرات کا خلاصہ آپ کے سامنے رکھا ہے حضرت مسیح موعود کا اپنا نمونہ کہ ابتلاؤں میں کبھی کسی قسم کا خوف محسوس نہ کیا بلکہ آگے ہی قدم بڑھتا چلا گیا۔ اور اس امام کی اقتداء کے طفیل آپ کے متبعین نے بھی حیرت انگیز نمونے دکھا دیئے کہ انسانی عقل دنگ رہ جاتی ہے اس کی سینکڑوں مثالیں منہ بولتی تصویر ہیں مگر میں اس وقت ایک ننھے مجاہد ولید احمد کی جرأت بہادری کا ذکر کرنے لگا ہوں۔

اس ننھے واقف نو مجاہد کے دادا مکرم چوہدری عبدالحمید صاحب نے محراب پور سندھ میں 1984ء میں یعنی آرڈیننس کے پہلے سال جان کا نذرانہ پیش کیا۔ کسی ظالم نے سینے میں خنجر کا بڑا کاری وار کیا جو جان لیوا ثابت ہوا۔ وہ خنجر خود اپنے ہاتھ سے باہر نکالا جب آپ کو ہسپتال لے جایا جا رہا تھا تو اپنے بیٹے چوہدری منور احمد صاحب کو نصیحت کی کہ قاتل کو کچھ نہ کہا جائے اور یہ اعزاز خدا نے مجھے دیا ہے اور ذکر الٰہی اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے خدا کے حضور حاضر ہو گئے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے نماز جنازہ غائب پڑھائی تھی راہ مولیٰ میں قربان ہونے والوں کے تذکرے میں فرمایا۔

10/اپریل 1984ء کو دس بجے کے قریب ایک غیر احمدی عالم مولوی شاہ محمد صاحب کی عیادت کے بعد اپنی آڑھت کی دکان کی طرف آ رہے تھے راستہ میں ایک جلد ساز کی دکان پر بچوں کی کتابیں جلد کروانے کے لئے دی ہوئی تھیں۔ اس دکاندار سے کتابوں کے بارہ میں پوچھ کر آپ نے سائیکل چلایا ہی تھا کہ پیچھے سے ایک شخص .... نے آواز دی کہ ”عبدالحمید میری بات سننا“ آواز سن کر آپ نے سائیکل سے پاؤں نیچے رکھا ہی تھا کہ اس نے پیچھے سے آ کر آپ کے سینے میں چھری گھونپ دی۔ آپ سائیکل سے اتر کر نیچے بیٹھ گئے اور اپنے ہاتھ سے چھری پکڑ کر باہر نکالی مگر اس کے زخم سے آپ کا پھیپھڑا بری طرح مجروح ہو گیا تھا۔ قریبی ہسپتال سے مرہم پٹی کے بعد نواب شاہ ہسپتال لے جاتے ہوئے آپ راستہ میں ہی اپنے مولا کے حضور حاضر ہو گئے........... فرمایا یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ (۔) مرحوم نے اپنے آخری لمحات میں اپنے بیٹوں اور بڑے بھائی کو وصیت کی کہ قاتل کے خلاف کسی قسم کی کوئی انتقامی کارروائی نہ کی جائے کیونکہ میں نے اسے معاف کر دیا ہے اور مجھے اس کی بدولت اعلیٰ و ارفع مقام نصیب ہو رہا ہے۔ (شہدائے احمدیت ص 181-182)

اور ولید احمد کے نانا نے 1985ء میں راہ مولیٰ میں قربانی دی حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے جنازہ بھی پڑھایا حضرت خلیفہ رابع نے ان الفاظ میں تذکرہ فرمایا:۔

چوہدری عبدالرزاق صاحب (۔) بھریا روڈ سندھ تاریخ (۔) 7/اپریل 1985ء مکرم چوہدری صاحب ایک صابر و زاہد انسان تھے۔ آپ شروع سے ہی بھریا روڈ ضلع نواب شاہ کی جماعت کے مقامی صدر تھے۔ (۔) سے ایک سال قبل امیر ضلع بھی مقرر ہوئے۔ 1984ء کے آرڈیننس کے بعد آپ کو گمنام خطوط کے ذریعہ متواتر دھمکیاں ملتی رہتی تھیں کہ مسلمان ہو جاؤ ورنہ قتل کر دیئے جاؤ گے مگر آپ کبھی بھی ان دھمکیوں سے خوفزدہ نہیں ہوئے۔ 7/اپریل 1985ء کو حسب معمول اپنی آڑھت کی دکان پر بیٹھے تھے کہ دن کے گیارہ بجے ایک بدبخت نے آپ پر گولی چلا دی جس سے آپ موقع پر ہی (۔) ہو گئے۔

(شہدائے احمدیت ص 186)

خطبہ جمعہ فرمودہ 4 جون 2010ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے عزیزم ولید احمد ابن مکرم چوہدری منور احمد صاحب کا تذکرہ فرمایا جس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

ایک ماں کا اکلوتا بیٹا میڈیکل میں پڑھتا تھا انتہائی صبر و رضا کا اظہار کیا ہے۔

جن نسلوں کی تربیت ایسے گھرانوں میں ہو جہاں خدا اور اس کے رسول کی محبت میں جان پیش کرنا فرض گردانا جاتا ہو وہاں خوف نام کی کوئی چیز جگہ نہیں پاتی ان کی نسلیں بھی انہیں جذبات سے ہم آہنگ ہوتی ہیں۔

یہ ننھا مجاہد جب گیارہ سال کا تھا وقف نو کی سیکرٹری مکرمہ عطیہ صاحبہ بنت مکرم مسرور احمد طور صاحب آف لندن نے عزیز ولید احمد کے گھر تعزیت کرنے کے لئے فون کرتے ہوئے یہ بات بتائی کہ جب ایک کلاس میں میں نے بچوں سے پوچھا کہ آپ بڑے ہو کر کیا بنیں گے تو ولید احمد کی جب باری آئی تو اس نے کھڑے ہو کر بڑی جرأت اور معصومیت سے نہایت اعتماد کے ساتھ جواب دیا میں اپنے دادا مکرم عبدالحمید صاحب کی طرح احمدیت کے لئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کروں گا خدا نے اس کے من کی مراد کس طرح پوری کی۔ نماز جمعہ کے لئے بڑی دور سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ آیا عجیب اتفاق وہ دونوں بچ گئے یہ گولیوں کی زد میں آ گیا شدید زخمی حالت میں گھر فون کیا امی ابا سے بات ہوئی کہ اس وقت میری یہ حالت ہے خون بہت زیادہ بہہ رہا ہے اور گولیوں کی بوچھاڑ جاری ہے ظالم بیت الذکر میں دندناتے پھر رہے ہیں ان کے خون کی ہوس پوری ہونے میں نہیں آ رہی۔ لاشوں کے ڈھیر لگ چکے ہیں۔ پھر تھوڑی دیر بعد اپنے کزن کو فیصل آباد فون کیا اور یہ ساری صورتحال بتائی اور پھر یہ بھی بتایا کہ اب دوبارہ دروازہ کھلا ہے اور دہشت گرد میری طرف بڑھ رہا ہے پھر وہ آواز بند ہو گئی۔ گویا

من نہ آنستم کہ روز جنگ بینی پشت من

کی سچائی پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔ بڑی جرأت کے ساتھ پہلے زخمی ہونے کی حالت میں مجاہدانہ وقت گزارا اور پھر سینے اور منہ پر گولیاں کھا کر دشمن کو بتا دیا کہ تم اس طرح ہمیں ختم نہیں کر سکتے۔

جو رکے تو کوہ گراں تھے ہم جو چلے تو جاں سے گزر گئے
رہ یار ہم نے قدم قدم تجھے یادگار بنا دیا

عین جمعہ کے وقت بیت الذکر میں عبادت کے لئے اکٹھے ہوئے سینکڑوں لوگوں کے ذکر الٰہی اور عبادات کے ساتھ جان کی قربانی پیش کرنا یقیناً قبولیت کی نشانی ہے دعا ہے اللہ تعالیٰ آپ کی دادی جان، والد صاحب، والدہ محترمہ اور چھوٹی تین بہنیں اور قریبی رشتہ داروں کو صبر جمیل کی توفیق دے اور آپ کا حامی و ناصر رہے۔ ع

”خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را“

مرحوم کے ابا مکرم چوہدری منور احمد صاحب میرے قریبی دوست ہیں اکثر کہا کرتے تھے میں نے اکلوتے بیٹے کو وقف کیا ہے اب میڈیکل میں پڑھ رہا ہے میں کہتا ہوں محنت کرو اور نئی نئی مشینیں جو بنی نوع انسان کے دکھوں کو دور کرنے کے لئے ہسپتالوں میں کام کرتی ہیں کے ماہر بنو تا طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کی طرح کے ہسپتالوں میں دکھی انسانیت کی خدمت کر سکو۔

❁......❁......❁

ولی اللہ بن گئے

مکرم خان بہادر سعداللہ خان صاحب 1911ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے دست مبارک پر داخل احمدیت ہوئے۔ وہ تبدیلی اختیار کی کہ آپ ولی اللہ بن گئے۔ ایک دفعہ مالاکنڈ کے قدیمی دوست قاضی محمد احمد جان صاحب جو احمدیت کے مخالف تھے اور قابل عبرت سزا پا چکے تھے چند اور افسر ساتھ لے کر خان بہادر موصوف کے پاس بطور جرگہ آئے۔ اور کہا کہ خان صاحب ہم کو یہ سن کر کہ آپ احمدی ہوئے ہیں سخت صدمہ اور افسوس ہوا ہے۔ کیا اچھا ہوگا اگر آپ پھر توبہ کر لیں۔ خان بہادر صاحب نے جواب دیا کہ جب میں آپ کی طرح تھا تو آپ کو معلوم ہے کہ آپ صاحبان کی مہربانی سے نہ نماز پڑھتا نہ تہجد نہ قرآن کریم سے کوئی واقفیت یا تعلق تھا سارا دن تاش اور شطرنج میں گزرتا اور لڑکے آ کر ناچتے۔ خدا بھلا کرے ہمارے مولوی مظفر احمد صاحب کا، جن کے نیک نصائح اور پاک صحبت نے اس گندی زندگی سے بیزار کرا کر پابند نماز و تہجد کیا۔ اور درس قرآن کا شوق دلایا۔ اگر دین یہ نہیں جو احمدیت کے ذریعے حاصل ہوا اور وہ تھا جو میں آپ لوگوں کی رفاقت میں اختیار کر چکا تھا۔ تو مجھے یہ زیادہ پسندیدہ ہے۔ اس پر وہ لوگ شرمندہ ہوئے اور اٹھ کر چلے گئے۔

(تاریخ احمدیت جلد 17

بقیہ صفحہ 4 دنیا کے بلند ترین مقام

عوام الناس کے لئے کھولا گیا تھا۔ درحقیقت یہ فن تعمیر کے نادر اور یکتا کمروں، گلیوں، باغات اور دکانوں کا ایک کمپلیکس ہے، جسے ایلکس جارڈن جونیئر نے ڈیزائن کیا تھا۔ یہ وسکونس کے اسپرنگ گرین گارڈن میں واقع ہے اور مقامی سیاحوں کے لئے اس میں بڑی کشش ہے۔ اس ہاؤس میں بنایا گیا ”دی انفنٹی روم“ وادی کے اوپر کئی سوفٹ تک پھیلا ہوا ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس کے نیچے سہارا دینے کے لئے ستون بھی نہیں لگائے گئے ہیں۔ اس میں ہاتھ سے 3000 سے بھی زائد کھڑکیاں ایک قطار میں بنائی گئی ہیں، جو بہت حسین منظر پیش کرتی ہیں اور انہی کھڑکیوں سے سیاح اس کے حسین اور ناقابل فراموش مناظر دیکھتے ہیں۔

❁......❁......❁

ماخوذ

دنیا کے بلند ترین تفریحی پلیٹ فارم

بلندی پر جانا، آسمانوں اور بادلوں کے درمیان تیرنا اور وہاں سے کسی پنچھی کی طرح نیچے پھیلے ہوئے حسین قدرتی مناظر کو دیکھنا اور ان سے لطف اندوز ہونا انسان کی ہمیشہ سے خواہش رہی ہے۔ بعض لوگ طیاروں اور ہیلی کاپٹروں میں بیٹھ کر اپنی یہ خواہش پوری کر لیتے ہیں۔ مگر بہت سے لوگ ان میں بیٹھنے کی سکت نہیں رکھتے۔ اس لئے وہ ان سے محروم رہتے ہیں اور ایسے بے شمار لوگ قدرت کے ان حسین مناظر کو نہیں دیکھ پاتے جو ان کی توجہ کے لئے نہ جانے کتنی صدیوں سے منتظر ہوتے ہیں کہ کوئی انسانی آنکھ انہیں بھی دیکھے اور ان کے حسن کو سراہے۔ بعض لوگ بلندی پر کھڑے ہو کر نیچے کا منظر نہیں دیکھ سکتے، کیوں کہ انہیں چکر آنے لگتے ہیں پورا منظر گھومنے لگتا ہے۔ مگر انسان نے سائنس کے میدان میں ایسی زبردست ترقی کر لی ہے کہ وہ سمندروں کو پاٹ سکتا ہے، منہ زور دریاؤں کو لگام ڈال سکتا ہے، جنگلات اور کوہساروں کو تراش سکتا ہے اور قدرت اور فطرت کے ہر وجود تک پہنچ سکتا ہے۔ دنیا میں بعض قدرتی مناظر مثلاً پہاڑ، جنگل، آبشار اور غار وغیرہ ایسے ہیں جن کی سیر کرنے کی خواہش یقیناً سبھی کو ہوتی ہے، لیکن ان کے دشوار گزار اور خطرناک راستوں یا ان کے خوف ناک محل وقوع کے باعث ان تک پہنچنا بہت مشکل بلکہ ناممکن ہے۔ لیکن انسان نے اپنے زور بازو سے ان تک رسائی ممکن بنا ڈالی اور آج آپ خطرناک مقامات تک آسانی سے جا سکتے ہیں اور ان مناظر کو دیکھ سکتے ہیں جو کبھی آپ کے لئے ناممکن یا ممنوعہ تھے۔ ذیل میں چند ایسے ہی مقامات کا تذکرہ کیا جا رہا ہے۔

Aurland Lookout (Norway)

ناروے یورپ کا ایک ترقی یافتہ ملک ہے۔ اس ملک کے دو آرکیٹیکٹس ٹوڈ سانڈرز اور ٹومی ولھلمسین کو ناروے کی حکومت نے یہ اجازت دی تھی کہ وہ ناروے میں Aurland fjord کے مقام پر 2000 فٹ کی بلندی پر ایک ایسا ریسٹ اسٹاپ ڈیزائن کریں جو ایک طرف ملک کے لئے بین الاقوامی مقبولیت حاصل کرے اور دوسری جانب ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کے لئے سیر و تفریح کا سامان بھی مہیا کرے۔ یہ اجازت نامہ ایک طرح سے ایک مقابلے میں بدل گیا جس میں ٹوڈ اور ٹومی نے پہلا انعام حاصل کیا اور اس حسین و جمیل پلیٹ فارم کو ڈیزائن کیا جس نے آنے والے وقت میں ناروے کے لئے عالم گیر شہرت حاصل کی۔ اس افقی پلیٹ فارم کا انتہائی بیرونی سرا جو اس ڈھانچے کو سپورٹ دینے کے لئے خم کھاتا ہے، اسے ایک بہت بڑے شیشے سے بند کر دیا گیا ہے اور یہی وہ جگہ ہے جہاں کھڑے ہو کر غیر معمولی مناظر سے لطف اندوز ہوا جا سکتا ہے۔ یہاں سے نیچے کی طرف دیکھیں تو آپ کو وہ بے شمار لوگ نظر آئیں گے جو اوپر آنے اور اس جگہ کی سیر کرنے کے لئے اپنے دل تھامے کھڑے ہوتے ہیں۔

Grand Canyon Skywalk (Arizona-USA)

